سوال

(63)جو مسلمان مال رکھ کر کسی مسلمان کی عزت نہیں بچاتا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جو مسلمان مال رکھ کر کسی مسلمان کی عزت نہیں بچاتا۔ حالانکہ وہ زیور قرآن وحدیث ضمانت وگرو میں دیتا ہے۔ وہ مال دار اللہ کے نزدیک کیسا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرض خواں کو قرض دینا نہ دینا دینے والے کی رائے پر ہے۔ اس لئے اس امر میں فتویٰ شرعی یہی ہے کہ حتی الوسع مسلمان مسلمان کی اعانت کرے۔ تو اجر عظیم کا حقدار ہوگا۔ لیکن سوال سے یہ معلوم نہیں ہوا کہ قرض خواہ کیسا ہے۔ ادا کرنے والا ہے یا لے کر کھا ہی جاتا ہے۔ اس لئے جب تک اس کا حال معلوم نہ ہو فتویٰ مکمل نہیں ہوسکتا واللہ اعلم

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 14 ص 77